Australian Government

# ملٹی کلچرل فریم ورک ریویو (کثیرالثقافتی نظام کا جائزہ)

## ملٹی کلچرل فریم ورک ریویو کا تعارف

آسٹریلین گورنمنٹ بڑی خوشی سے ملٹی کلچرل فریم ورک ریویوکی رپورٹ جاری کر رہی ہے۔

اس ریویو میں آسٹریلیا کے ملٹی کلچرل معاشرے کے حالات پر غور کیا گیا ہے اور قوانین، پالیسیوں اور اداروں کے ماحولوں میں ایسی تبدیلیوں کی سفارش کی گئی ہے جو معاشرے کی خوبیوں کو تقویت دیں اور اسے عصر حاضر کے چیلنجوں سے نمٹنے کے قابل بنائیں۔

آسٹریلیا کی تین ممتاز شخصیات - Ms Nyadol Nyuon OAM، Dr Bulent Hass Dellal AO اور Ms Christine Castley -نے یہ ریویو انجام دیا۔ ریویو پینل کو معلومات رکھنے والے ایک متعلقہ ریفرنس گروپ کی مدد حاصل تھی: Mr Osmond Chiu؛ Ms Swati Dave؛ Ms Rana Ebrahimi؛ Mr Bachar Houli؛ Mr John Kamara؛ Ms Premila Levaci اور Mr Mohammad Al-Khafaji۔

گورنمنٹ نے ریویو کے متعلق معلومات اور سبمشنز دینے کی دعوت 33 زبانوں میں تحریری صورت میں اور 35 زبانوں میں آڈیو کی صورت میں شائع کی۔ پینل کو 796 سمبشنز ملیں، جن میں سے 126 انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں میں تھیں جن کا ترجمہ کروا کے پینل نے ان خیالات سے استفادہ کیا۔ ریویو میں 4 سے 24 سال عمر کے بچوں اور نوجوانوں کو بھی ہمارے ملٹی کلچرل معاشرے کے متعلق اپنے تجربات اور خیالات کا اظہار تصویری شکل میں کرنے کی دعوت دی گئی۔ ان کے 103 فن پارے https://www.homeaffairs.gov.au/about-us/our-portfolios/multicultural-framework-review/online-art-exhibition پر دیکھے جا سکتے ہیں۔

## ہمارے ملٹی کلچرل معاشرے کی کامیابی کو برقرار رکھنا

ایبوریجنل اور ٹورس سٹریٹ آئی لینڈر اقوام اس براعظم میں بہت سی تہذیبیوں کو کم از کم 65,000 سے زندہ رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے نوآبادیاتی دور سے اب تک ہر جگہ ایسی کوششوں کو ناکام بنایا جو انہیں ختم کرنے کے لیے کی جاتی رہیں جن میں بعض دفعہ تشدّد بھی استعمال ہوتا تھا۔ کامیاب ملٹی کلچرل ازم کا آغاز فرسٹ نیشنز کی تاریخ اور تہذیبوں کی فہم بڑھانے اور ان کی قدرکرنے سے ہوتا ہے۔

اگرچہ براعظم آسٹریلیا میں تارکین وطن کی آمد 1788 میں شروع ہوئی تھی، 1945 سے لے کر اب تک آسٹریلیا 7.5 ملین تارکین وطن کا خیرمقدم کر چکا ہے جن میں 950,000 سے زیادہ پناہ گزین اور انسانی ہمدردی کے مستحق لوگ تھے۔ یہ بہت بڑی لیکن پر امن تبدیلیاں ہماری قوم کے لیے طاقت اور فخر کا باعث ہیں۔

# ریویو سے سامنے آنے والی اہم ترین باتیں

پینل نے پورے آسٹریلیا کا سفر کر کے 1430 سے زیادہ افراد اور 750 تنظمیوں سے مشورہ کیا۔
پینل کے علم میں بہت سی باتیں آئیں جن میں یہ بھی شامل تھا:

- اگرچہ گورنمنٹ کا امتیازی سلوک کی روک تھام کرنا، برابر مواقع کو فروغ دینا اور عوام کو اچھی خدمات دلانا ضروری ہے، ہمارے ملٹی کلچرل معاشرے کو قائم رکھنے کی ذمہ داری آسٹریلیا کو اپنا وطن بنانے والے سب لوگوں پر بھی ہے۔
- ریجنل کمیونٹیوں میں تہذیبی تنوّع بڑھ رہا ہے اور یہ ہماری ملٹی کلچرل داستان کا ایک اہم حصہ ہیں۔
- کئی عوامل آسٹریلین قوم کی متنوّع زندگیوں کو ڈھالتے ہیں۔ گورنمنٹ پر لازم ہے کہ پالیسی سازی میں امتیازی سلوک کی تمام مختلف صورتوں پر غور کرے۔
- نوجوانوں کو، جو آسٹریلیا کا ملٹی کلچرل مستقبل ہوں گے، پالیسی سازی میں زیرغور لائے جانے والے تمام معاملات کا مرکز ہونا چاہیے۔

پینل کی 29 سفارشات کی بنیاد ریویو کے تین مرکزی اصولوں پر ہے:

- **تعلق** – گورنمنٹ کی تمام سطحوں اور کمیونٹیوں کے درمیان قیادت، منصوبہ بندی اور احتساب کے ذریعے ملٹی کلچرل آسٹریلیا کی بنیادیں رکھنا
- **شناخت اور وابستگی** – انگلش زبان کے پروگراموں، شہریت کی پالیسی اور آرٹس، کلچر، کھیلوں اور میڈیا کے ذریعے سب کا خیر مقدم کرنے والا آسٹریلیا تشکیل دینا
- **سب کو شامل رکھنا** – عوامی خدمات میں تہذیبی صلاحیتوں کو بڑھانا، گرانٹ پروگرامز کو خصوصی ضروریات کے مطابق بنانا، ڈیجیٹل معاشرے میں سب کی شمولیت یقینی بنانا اور لسانی خدمات کا ایک مضبوط شعبہ تشکیل دینا، اور نوجوانوں اور ریجنل علاقوں کی خصوصی ضروریات کو پورا کرنا۔

یہ ریویو آسٹریلین ملٹی کلچرل ازم کے ریویوز میں سب سے تفصیلی اور شعور و فہم پر مبنی ریویو ہے۔ گورنمنٹ فریم ورک کے اصولوں کی حمایت کرتی ہے اور ان کی روشنی میں کام کرے گی اور ہم یہ یقینی بنانے کا عزم بھی کرتے ہیں کہ آسٹریلیا کے ملٹی کلچرل ماحول تمام آسٹریلین باشندوں کی قابلیت کو کام میں لائیں۔